## ایم کیوایم حق پرست شہداء کی قربانیوں کو ہرگز رائیگاں نہیں جانے دے گی، الطاف حسین
## مصطفیٰ کمال شہید اور ڈاکٹر نشاط ملک شہید کی پانچویں برسی کے موقع پر پیغام

لندن۔۔۔27، اپریل 2007ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن سینئر سید مصطفیٰ کمال شہید اور حق پرست رکن قومی اسمبلی ڈاکٹر نشاط ملک شہید کو زبردست خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایم کیوایم کے حق پرست شہداء کی قربانیاں ہرگز رائیگاں نہیں جائیں گی اور ہماری تحریک اپنے مشن ومقصد میں ضرور کامیابی سے ہمکنار ہوگی۔ سید مصطفیٰ کمال شہید اور ڈاکٹر نشاط ملک شہید کی پانچویں برسی کے موقع پر اپنے ایک پیغام میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ ایم کیوایم کی حق پرستانہ جدوجہد کوسبوتاژ کرنے کیلئے مسلح دہشت گردوں نے سید مصطفیٰ کمال اور ڈاکٹر نشاط ملک کو ٹارگٹ کلنگ کا نشانہ بنا کر شہید کر دیا تھا تاکہ ایم کیوایم کو فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خلاف حق پرستانہ جدوجہد سے باز رکھا جاسکے۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ قتل وغارتگری اور ظلم وتشدد کے باوجود ایم کیوایم کو اس کی حق پرستانہ جدوجہد سے باز نہیں رکھا جاسکا اور آج حق پرست شہداء کی لازوال قربانیوں کے بدولت ایم کیوایم کا پیغام پاکستان بھر میں فروغ پا رہا ہے اور ملک بھر کی تمام قومیتوں، تمام مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے عوام اور مذہبی اقلیتیں ایم کیوایم کے پرچم تلے جمع ہورہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کی تمام تر کامیابیاں حق پرست شہداء کی مقدس قربانیوں کی مرہون منت ہیں اور ایم کیوایم اپنے شہداء کی قربانیوں کو ہرگز رائیگاں نہیں جانے دے گی۔ جناب الطاف حسین نے سید مصطفیٰ کمال شہید اور ڈاکٹر نشاط ملک شہید سمیت تحریک کے تمام شہداء کو زبردست خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے ان کے بلند درجات اور سوگواران کیلئے صبرِ جمیل کی دعا بھی کی۔

## عوام کلاشنکوفی شریعت کے علمبرداروں کا سامنا کرنے کیلئے ذہنی وجسمانی طور پر تیار ہوجائیں، سلیم شہزاد
## مذہبی انتہاء پسند کلاشنکوفوں کے بل پر عوام کو اپنی ڈنڈا بردار کلاشنکوفی شریعت کا غلام بنانا چاہتے ہیں
## لال مسجد، جامعہ حفصہ اور جامعہ فریدیہ میں کلاشنکوفوں کے ذخیرے متعدد بار میڈیا پر دکھائے جاچکے ہیں

لندن۔۔۔27، اپریل 2007ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن سلیم شہزاد نے پاکستان بھر کے عوام خصوصاً سندھ اور کراچی کے عوام، ماؤں، بہنوں، بزرگوں اور کارکنوں سے اپیل کی ہے کہ وہ ڈنڈا بردار کلاشنکوفی شریعت کے علمبردار مذہبی انتہاء پسندوں کا سامنا کرنے کیلئے ذہنی وجسمانی طور پر تیار ہوجائیں۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین عوام کو پہلے ہی آگاہ کر چکے ہیں کہ ڈنڈار بردار کلاشنکوفی شریعت کے علمبردار کلاشنکوفوں اور ہتھیاروں کے بل پر پورے ملک خصوصاً کراچی اور سندھ پر قبضہ کرنا چاہتے ہیں اور گزشتہ روز کراچی پریس کلب پر ڈنڈا بردار کلاشنکوفی شریعت کے علمبرداروں کے مظاہرے اور اس میں مذہبی انتہاء پسندوں کی اشتعال انگیز تقاریر سے ان مذہبی انتہاء پسندوں کے مذموم ارادے کھل کر سامنے آگئے ہیں جو کلاشنکوفوں کے بل پر ملک خصوصاً سندھ اور کراچی پر قبضہ کر کے یہاں کے عوام کو اپنی ڈنڈا بردار کلاشنکوفی شریعت کا غلام بنانا چاہتے ہیں، خواتین کو گھروں میں بند کرنا چاہتے ہیں اور کلاشنکوفوں کے بل پر اپنی خودساختہ شریعت نافذ کرنا چاہتے ہیں۔ سلیم شہزاد نے کہا کہ لال مسجد، جامعہ حفصہ اور جامعہ فریدیہ میں جو کلاشنکوفوں اور ہتھیاروں کے ذخیرے ہیں وہ متعدد بار میڈیا پر دکھائے جاچکے ہیں جو نہ صرف ریکارڈ پر موجود ہے بلکہ ملک کے کروڑوں عوام اسے میڈیا پر دیکھ چکے ہیں۔ اس لئے اس حوالہ سے کسی کی تردید سے کوئی فرق نہیں پڑتا۔ سلیم شہزاد نے کہا کہ نہ صرف پاکستان کے عوام بلکہ سندھ اور کراچی کے عوام کی اکثریت الحمدللہ مسلمان ہے جو اللہ اور رسولؐ سے محبت کرتے ہیں، انہیں جرائم پیشہ افراد کی خودساختہ ڈنڈا بردار کلاشنکوفی شریعت ہرگز قبول نہیں ہے۔ سلیم شہزاد نے عوام، ماؤں، بہنوں، بزرگوں، تمام مکاتب فکر کے علمائے حق، زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد اور کارکنوں سے اپیل کی کہ وہ ڈنڈا بردار کلاشنکوفی شریعت کے علمبرداروں مذہبی انتہاء پسندوں کے ناپاک عزائم کو ناکام بنانے کیلئے ذہنی اور جسمانی طور پر تیار ہوجائیں۔

## برنس روڈ سیکٹر کے سابق جوائنٹ انچارج آفاق الدین کی والدہ کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔27، اپریل 2007ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم برنس روڈ سیکٹر کے سابق جوائنٹ انچارج آفاق الدین کی والدہ محترمہ شمیم بانو کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومہ کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ دے۔ (آمین)

## ناصر، عارف حسین میموریل لائبریری کا سنگِ بنیاد عظیم کارنامہ ہے
## سنگ بنیاد کی تقریب میں شریک ممتاز دانشوروں، شعراء، ادبی وسماجی شخصیات کے تاثرات

کراچی۔۔۔27، اپریل 2007ء۔۔۔دنیائے ادب کے ممتاز دانشور، شعراء، ادبی وسماجی شخصیات، ڈاکٹرز، پروفیسرز اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے ناصر، عارف حسین میموریل ٹرسٹ کے زیراہتمام ناصر، عارف حسین میموریل لائبریری کے سنگِ بنیاد کو عظیم کارنامہ قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ ہر یونین کونسل میں اس معیار کی لائبریری بنائی جائے تو معاشرے کو مثبت راہ پر گامزن کیا جاسکتا ہے۔ گزشتہ روز منعقدہ ہونے والی ناصر، عارف حسین لائبریری کے سنگ بنیاد کی تقریب میں اپنے تاثرات کا اظہار کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ہم علم کے فروغ کیلئے متحدہ قومی موومنٹ کی اس کاوش کو تہہ دل سراہتے اور امید کرتے ہیں کہ قائد تحریک الطاف حسین کی قیادت میں علم کے فروغ کیلئے کام جاری رکھا جائے گا کیونکہ علم کے ذریعے ہی انسانوں کے ذہن کو تبدیل کیا جاسکتا ہے اور ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کو جڑ سے اکھاڑا جاسکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے لائبریری کے سنگِ بنیاد کی تقریب سے فکری اور علمی خطاب کیا اور ان کے خطاب نے نہ صرف لوگوں کے ذہنوں کو سوچنے پر مجبور کردیا ہے بلکہ ہمیں اس خطاب سے سوچ کے نئے زاویئے ملے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ علم کی طاقت سے ہی ملک میں انقلاب لایا جاسکتا ہے اور جناب الطاف حسین نے اپنے خطاب میں علم کی طاقت کو اجاگر کیا اور ہمیشہ کی طرح انفرادیت کے بجائے اجتماعیت پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ کے عملی اقدامات کی وجہ سے اہلیانِ کراچی شعور وترقی کی جن منازل کو چھو رہے ہیں

اس کا سہرا جناب الطاف حسین کے سر جاتا ہے۔انہوں نے کہا کہ لائبریری کے سنگ بنیاد کی تقریب میں ایسا محسوس ہو رہا تھا کہ جسے یہاں علم کا سمندر امڈ آیا ہے اور زندگی داؤ پر لگانے والوں کیلئے ایسی لائبریری سے بہتر کوئی تحفہ نہیں ہوسکتا۔انہوں نے ناصر، عارف حسین لائبریری کے سنگ بنیاد کی تقریب کو منفرد قرار دیا اور اس کے انتظامات کا سراہتے ہوئے کہا کہ اس جدید لائبریری کا سنگ بنیاد تاریخ میں سنہری حروف سے لکھا جائے گا۔اپنے تاثرات میں انہوں نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر اور صحت وتندرستی کیلئے بھی دعائیں کیں۔

## مذاکرات کے بعد چلڈرن لائبریری کا کنٹرول بھی مذہبی انتہاء پسندوں کے حوالے کیا جارہا ہے
## مذاکرات کی روایت کو سامنے رکھ کر کوئی بھی شخص کسی بھی وقت کسی بھی سرکاری ادارے پر قبضہ کرسکتا ہے
## قومی اسمبلی کے اجلاس میں پوائنٹ آف آرڈر پر رکن قومی اسمبلی اقبال محمد علی کی توجہ دلاؤ نوٹس پر اظہار خیال

اسلام آباد۔۔۔27، اپریل 2007ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے رکن قومی اسمبلی اقبال محمد علی نے کہا ہے کہ لال مسجد اور جامعہ حفصہ والوں سے مذاکرات کر کے چلڈرن لائبریری کا قبضہ بھی مذہبی انتہاء پسندوں کے حوالے کردیا گیا ہے۔ یہ بات انہوں نے جمعہ کے روز قومی اسمبلی میں کے اجلاس میں پوائنٹ آف آرڈر توجہ دلاتے ہوئے کہی۔انہوں نے کہا کہ ہونا تو یہ چاہئے تھا کہ جامعہ حفصہ اور چلڈرن لائبریری کا غیر قانونی قبضہ ختم کرایا جاتا مگر یہاں یہ ہورہا ہے کہ جامعہ حفصہ والوں کا قبضہ اسی طرح برقرار ہے اور مذاکرات کے بعد چلڈرن لائبریری کا کنٹرول بھی ان کے حوالے کیا جارہا ہے جس سے یہ اندیشہ ہے کہ کوئی بھی شخص کسی بھی وقت کسی بھی سرکاری ادارے پر قبضہ کرلے اور مذاکرات کے بعد اس روایت کو سامنے رکھ کر پراپرٹی کو اپنا حق نہ سمجھ لے۔انہوں نے کہا کہ اس بات کا فوری نوٹس لیا جانا چاہئے

## ایم کیو ایم سرگودھا کی بزرگ کمیٹی کے رکن اور کارکن سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔27، اپریل 2007ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم سرگودھا بزرگ کمیٹی کے رکن سید امجد علی شاہ کی اہلیہ نرگس بانو اور کارکن سبط حسین بلوچ کے والد محمد حسین بلوچ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔

## متحدہ قومی موومنٹ یو کے شعبہ خواتین کے زیراہتمام اتوار 29 اپریل کو لندن میں محفل میلاد منعقد کی جائے گی

لندن۔۔۔27 اپریل 2007ء۔۔۔جشن عید میلاد النبیؐ کے سلسلے میں متحدہ قومی موومنٹ یو کے شعبہ خواتین کے زیراہتمام اتوار 29 اپریل کو لندن میں محفل میلاد منعقد کی جائے گی اور نبی کریمؐ کی شان میں گلہائے عقیدت پیش کیے جائیں گے اور سیرت النبیؐ پر روشنی ڈالی جائے گی۔محفل میلاد اتوار کو سہ پہر 3 بجے لندن کے علاقے ایجویئر کے واٹلنگ کمیونٹی سینٹر واقع اورنج ہل روڈ، آف ڈینز بروک روڈ، ایجویئر مڈل سیکس میں منعقد ہوگی۔اس سلسلے میں ایم کیو ایم یو کے شعبہ خواتین تیاریوں میں مصروف ہے۔دریں اثناء ایم کیو ایم یو کے شعبہ خواتین کی انچارج محترمہ صفیہ اکبر نے تمام خواتین سے اپیل کی ہے کہ وہ محفل میلاد میں زیادہ سے زیادہ شرکت کریں، پابندی وقت کا خاص خیال رکھیں اور مزید معلومات کیلئے ایم کیو ایم شعبہ خواتین کے فون نمبر 020 89057300 پر رابطہ کیا جاسکتا ہے۔

## متحدہ مجلس عمل کی حکومت صوبہ سرحد میں قیام امن اور عوام کی جان ومال کے تحفظ میں مکمل طور پر ناکام ہوگئی ہے۔متحدہ قومی موومنٹ
## روزانہ دہشت گردی کی وارداتیں ہورہی ہیں، بموں کے دھماکے، خودکش حملے اور فرقہ وارانہ فسادات ہورہے ہیں
## ڈیرہ اسماعیل خان میں بڑے پیمانے پر ہونے والے فرقہ وارانہ فسادات اور کرفیو کے نفاذ کی سنگین صورتحال پر اظہار تشویش

کراچی۔۔۔27 اپریل 2007ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے ارکان قومی اسمبلی نے صوبہ سرحد کے شہر ڈیرہ اسماعیل خان میں بڑے پیمانے پر ہونے والے فرقہ وارانہ فسادات اور متعدد افراد کے جاں بحق ہونے اور کرفیو کے نفاذ کی سنگین صورتحال پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ صوبہ سرحد کی متحدہ مجلس عمل کی حکومت صوبہ میں قیام امن اور عوام کی جان ومال کے تحفظ میں بری طرح ناکام ہوگئی ہے۔اپنے ایک بیان میں حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے کہا کہ صوبہ سرحد میں جب سے متحدہ مجلس عمل کی حکومت برسراقتدار آئی ہے وہاں امن وامان کی صورتحال اس قدر سنگین ہے کہ وہاں روزانہ دہشت گردی کی وارداتیں ہورہی ہیں، بموں کے دھماکے، خودکش حملے ہورہے ہیں اور فرقہ وارانہ فسادات ہورہے ہیں، دہشت گردی کے ان واقعات میں پولیس اور فوج کے اہلکاروں، افسران اور منتخب نمائندوں سمیت سینکڑوں شہری جاں بحق ہوچکے ہیں۔صوبہ سرحد میں امن وامان کی صورتحال اس قدر سنگین ہے کہ خود صوبہ کے وزیراعلیٰ کا خاندان اور حکمراں جماعت کے سربراہ کی رہائش گاہ تک محفوظ نہیں ہے، ڈیرہ اسماعیل خان، پارہ چنار اور صوبہ کے کئی شہروں میں کئی بار کرفیو نافذ کرنا پڑا ہے اور گزشتہ روز بھی فرقہ وارانہ فسادات کے بعد ایک بار پھر ڈیرہ اسماعیل خان میں کرفیو نافذ کیا گیا ہے۔حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے کہا کہ متحدہ مجلس عمل کی حکومت صوبہ سرحد میں قیام امن اور شہریوں کی جان ومال کے تحفظ میں مکمل طور پر ناکام ہوگئی ہے مگر اپنی ناکامی پر نظر ڈالنے اور صوبہ سرحد میں امن وامان کی سنگین ترین صورتحال پر توجہ دینے کے بجائے جماعت اسلامی اور متحدہ مجلس عمل کے ارکان کراچی میں امن کی خرابی کا بے بنیاد پروپیگنڈہ کررہے ہیں جو کہ قابل مذمت ہے۔حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے صدر جنرل پرویز مشرف اور وزیراعظم شوکت عزیز سے مطالبہ کیا کہ صوبہ سرحد میں بدامنی، دہشت گردی اور فرقہ وارانہ فسادات کا فوری نوٹس لیا جائے اور چونکہ متحدہ مجلس عمل کی صوبائی حکومت صوبہ سرحد میں قیام امن اور شہریوں کی جان ومال کے تحفظ میں ناکام ہوچکی ہے لہٰذا اس سلسلے میں وفاقی حکومت کی جانب سے فوری طور پر اقدامات کئے جائیں۔

☆☆☆☆☆